14/12/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ انور الحق سے خبریں سُنئے

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں دہشت پسندی کے نتیجے میں نہ صرف انسانی جانیں ضائع ہوئیں بلکہ کئی خاندان بھی بکھر گئے۔

کل لوک بھون سرینگر میں وادی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے دہشت پسندی سے متاثرہ کنبوں کے 39افراد میں نوکریوں کے آڈر تقسیم کرنے کے بعد انہوں نے کہاکہ انتظامیہ ایسے افراد کو انصاف فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ نے جموں کشمیر میں دہشت پسندی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی ہے ۔

....

ایل جیSkims

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عوامی خدمات کے تئیں طبی عملے کے رول اور جذبے کی سراہنا کرتے ہوئے کہاکہ ملک میں صحت کے شعبے کو بہتر بنانے اور عوام کی طبی ضروریات کو پورا کرنے میں ڈاکٹر اور نیم طبی عملہ جو رول ادا کر رہا ہے وہ ایک غیر متزلزل جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔

سرینگر میں منعقدہ شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز سرینگرکے یوم SKICCایل جی کل تاسیس کی اختتامی تقریب پر خیالات کا اظہا رکر رہے تھے۔ ایل جی نے کہا کہ انتظامیہ نے گذشتہ پانچ سال کے دوران جمونو کشمیر کے طبی تعلیم شعبے اور عوامی صحت محکمے میں نمایاں بہتری لائی ہے۔

ڈاکٹر گنائی

بعد میں شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ سرینگر کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمدا شرف گنائی نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے سکمز کے 20 وینپوسٹ گریجویٹ ریسرچ پرزنٹیشن پروگرام اور 43 ویں سالانہ فیسٹول ویک سے متعلق جانکاری فراہم کر تے ہوئے کہا

....

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ کنونشن سینٹر میں ایڈونچر ٹور آپریٹرس ایسو سی ایشن آف انڈیا کی17ویں سالانہ ایڈونچر ٹور ازم کنونشن کے کٹن ریزن نقاب کشائی کی۔یہ کنونشن17دسمبر سے20دسمبر تک سرینگر میں منعقد ہو گا۔

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ کنونشن جمونو کشمیر کو عالمی ایڈونچر ٹور ازم مرکز کے طور پر اُجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔وزیر اعلیٰ نے یقین دلایا کہ حکومت سیاحت کے فروغ اور مقامی وابستہ افراد کی معاشی بہتری کےلئے ہر ممکن تعاون جا ری رکھے گی۔

لوک عدالت

ڈسڑکٹ لیگل سروسز اتھارٹی نے ضلع عدالت سرینگر کے اشتراک سے چوتھی نیشنل لوک عدالت2025 کا سرینگر کورٹ کمپلیکس میں انعقاد کیا۔ اس لوک عدالت میں باہمی مفاہمت کے ذریعے مقدمات اور معاملات کے جلد اور کم خرچ تصفیے پر زور دیا گیا ۔ اس موقعے پر13بینچ قائم کئے گئے جن میں مجموعی طور پر62ہزار سے زائد مقدمات کی سماعت ہوئی اور بیشتر معاملات خوش اسلوبی کے ساتھ حل کئے گئے۔

بڈگامDC

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ریشی پورہ میں زیر تعمیر 125 بستروں والے نئے ضلع اسپتال اور 100بستروں والے کرٹیکل کئیر یونٹ کے کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوننے متعلقہ ایجنسیوں کو ان منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل کی ہدایت دی۔

ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے ضلع میں طبی سہولیات میں نمایاں بہتری آئے گی۔

حکیم یاسین

پیپلز ڈیموکرٹیک فرنٹ کے صدر حکیم محمد یا سین نے کل لوک بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انہوننے اپنے حلقہ انتخاب خانصاحب کے کئی علاقونمیں بنیادی ڈھانچے اور ضروری خدمات کی عدم دستیابی کی طرف ایل کی توجہ مرکوز کرائی۔

Winter

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11اعشاریہ4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

......